© rasailojaraid.com



نہیں آیا ہے، لہذا اسلام کے بعد بشمول اس دعا کے عام اوراد نماز اور تسبیح وتہلیل وغیرہ بھی پڑھنی چاہیے! صرف اس دعاء کی تخصیص والتزام میں کچھ تأمل ہے۔

**ایک اشکال اور جواب:** جس وقت مکہ معظمہ (یا مدینہ منورہ) میں رات ہوتی ہے تو اس وقت دنیا کے ایک بڑے حصے میں دن ہوتا ہے اس لیے ان علاقوں کے لوگ تو کبھی شب قدر کو پا ہی نہیں سکتے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ رمضان کی ان تاریخوں میں سے جو تاریخ بھی دن کے کسی حصہ میں ہو اس کے دن سے پہلی رات وہاں کے لیے شب قدر ہوسکتی ہے۔ (تفہیم القرآن)

## سورت سے حاصل شدہ بعض فوائد:

۱۔ وحی الٰہی اور نبوت کا ثبوت

۲۔ عقیدہ قضاء وقدر کا ثبوت

۳۔ شب قدر اور اس کی عبادت کی فضیلت

۴۔ قرآن کریم یکمشت لوح محفوظ سے آسمان دنیا میں اس رات کو اتارا گیا یا اس کی ابتدائے نزول ہوئی یا دونوں ہوئے۔ (جزائری)

۵۔ اس رات میں قرآن کریم کی بکثرت تلاوت کی فضیلت۔

**سورت اور بلاغی پہلو:** سورت ہذا میں بیان اور بدیع کی موتیاں بھری ہوئی ہیں:

۱۔ لیلۃ القدر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے اس کا تین بار ذکر کرکے "اطناب" کیا

۲۔ اس رات کی مزید عظمت اور حیثیت کو نمایاں کرنے کے لیے "استفہام" لایا۔

۳۔ (الملائکۃ والروح) کے ذریعے "ذکر الخاص بعد العام" لایا۔

۴۔ رء وس الآیات کا خیال رکھتے ہوئے فواصل آیات میں موافقت کا التزام کیا گیا۔ (صفوۃ التفاسیر للصابونی)

☆☆☆☆☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درس حدیث :2

# احکامِ سترہ

أبومحمد عبدالوهاب خان

''عن عبدالله بن الصامتؒ عن أبی ذر ﷺ قال قال رسول الله ﷺ:''إذا قام أحدكم يصلی فإنه يستره إذا كان بين يديه مثل آخرة الرحل، فإذا لم يكن بين يديه مثل آخرة الرحل فإنه يقطعُ صلا تَه الحمارُ و المرأةُ والكلبُ الأسودُ'' قلت: يا أباذر(رضی اللہ عنہ)ما بالُ الكلبِ الأسود من الكلبِ الأحمر ومن الكلبِ الأصفرِ؟ قال: يا ابن أخی سألتُ رسولَ الله ﷺ كما سألتَنی فقال: ''الكلب الأسود شيطان''

**تخریج**:[صحيح مسلمؒ كتاب الصلاة باب بيان سترة المصلی ح:۲۶۵،۴/۲۲۶،سنن أبی داؤدؒ الصلاة باب ۱۱۰ما يقطع الصلاة ح:۷۰۲ ، ۱/۴۵۰، ترمذیؒ الصلاة باب لا يقطع الصلاة إلا ......، نسائیؒ الصلاة باب ذكر ما يقطع الصلاة ، ابن ماجةؒ باب ما يقطع الصلاة ، مسند أحمدؒ ، مصنف ابن أبی شيبةؒ، السنن الكبریٰ للبيهقیؒ،مصنف عبدالرزاقؒ، السنن الكبریٰ للنسائیؒ وغيرهم]

**ترجمہ**: عبداللہ بن الصامتؒ حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:''**جب کوئی نماز پڑھتا ہے تو اگر اس کے سامنے کجاوے کے پچھلے حصے کے برابر کوئی چیز ہو تو وہ اس کے لیے سترہ (اوٹ) بنتا ہے۔ پس جب اس کے آگے کجاوے کے پچھلے حصے کی مقدار کوئی چیز نہ ہو تو گدھا، عورت اور کالا کتا اس کی نماز کو توڑ دیتا ہے۔**'' عبداللہؒ کا بیان ہے کہ میں نے کہا: اے ابوذر (رضی اللہ عنہ)! کالے رنگ کے کتے میں وہ کیا خصوصیت ہے جو سرخ اور زرد کتے میں نہیں؟ انہوں نے فرمایا: بھتیجے! میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے ایسا ہی سوال کیا تھا، جیسے آپ سوال کررہے ہیں، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:''**کالا کتا شیطان ہے۔**''

**راوی**: حضرت ابوذر جندب بن جنادة الغفاری رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں۔ زمانہ جاہلیت میں خاندانی پیشے رہزنی کو ترک کرکے زہد وقناعت پر مائل ہوئے اور عقیدہ توحید کے قائل ہوگئے۔[ابن سعد]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ ؓ اسلام قبول کرنے سے پہلے اپنے خیال سے ''نماز'' بھی پڑھنے لگے تھے۔ دعوت سری کے ابتدائی دور میں دعوائے نبوت کی خبر سن کر تحقیقات کے لیے مکہ آئے۔ مسلمان ہوتے ہی خانہ کعبہ جا کر کلمہ شہادت کا اعلان کر دیا اور قریش سے مار کھائی۔ آخر عباس (ؓ) نے بنی غفار کے قریش کی تجارتی گزرگاہ پر ہونے کا حوالہ دے کر بچالیا۔ اگلے دن پھر یہی معاملہ ہوا۔

آپ ؓ نے ضروری عقائد سیکھنے کے بعد اپنے قبیلے میں جا کر توحید کی دعوت دی، آدھا قبیلہ شروع میں مسلمان ہوا اور بقیہ لوگوں نے ہجرت مدینہ کے بعد اسلام قبول کر لیا۔ [البخاری المناقب باب قصة إسلام أبی ذر ؓ ح:۳۵۲۲، مع الفتح ۶/۶۳۵، مسلم، فضائل ح:۱۳۲، ۳۴/۱۶]

حضرت ابوذر ؓ نے دیر سے ہجرت کی، اس لیے ابتدائی غزوات میں شریک نہ ہو سکے۔ غزوہ تبوک میں شرکت ثابت ہے۔ آپ سے حضرت انس بن مالک ؓ اور عبداللہ بن عباس ؓ کے علاوہ بہت سے تابعینؒ نے روایت کی۔ متداول کتب حدیث میں آپ کی (۲۸۱) روایات ہیں۔

متعدد صحابہ کرام ؓ نے مرفوعاً روایت فرمایا: ''**ما أظلت الخضراء ولا أقلت الغبراء من ذی لهجة أصدق من أبی ذر** ؓ'' [ترمذی المناقب عن عبداللہ بن عمرو ؓ وقال: حسن] ''آسمان اور زمین کے مابین ابوذر ؓ سے زیادہ سچا کوئی نہیں۔'' امام ابوداؤد نے کہا: ''**کان یوازی ابن مسعود** ؓ **فی العلم**'' یعنی آپ ؓ علم میں عبداللہ بن مسعود ؓ کے ہم پلہ تھے۔

عہد صدیقی میں گوشہ نشین رہے، عہد فاروقی میں شام گئے۔ عہد عثمانی میں دولت جمع کرنے کے خلاف شور اٹھایا تو امیر معاویہ ؓ کی شکایت پر حضرت عثمان ؓ نے مدینہ بلایا۔ پھر وہاں سے ربذہ چلے آئے، جہاں بنی ثعلبہ نے پذیرائی کی۔ عراقیوں نے بغاوت کا مشورہ دے کر تعاون کی پیشکش کی تو کہا: ''جس نے حاکم کو ذلیل کیا اس کی توبہ قبول نہ ہوگی۔'' ۳۲ھ میں ربذہ میں وفات پائی اور نبوی پیشگوئی کے مطابق ایک قافلہ موقع پر پہنچا جس میں سے عبداللہ بن مسعود ؓ نے جنازہ پڑھائی۔ ترکہ ۳ گدھوں، ایک خچر اور چند بکریوں پر مشتمل تھا۔ آپ کی کوئی اولاد زندہ نہ رہی۔ [سیر الصحابة ۳/ ۷۰-۷۹]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**شاهد**: ابوهريرة رضی اللہ عنہ: قال رسول الله ﷺ: **"يقطع الصلاةَ المرأةُ والحمارُ والكلبُ ويَقِي ذلك مثلُ مؤخرةِ الرحلِ"** [مسلم الصلاة ح:٢٦٦، ٤/ ٢٢٨]

# فصل اول: نمازی کے آگے "انسان" کا وجود

## مبحث اول: مرد

### مطلب اول: گزرنے کی حالت میں

پچھلے درس میں نمازی کے آگے "مرد" کے گزرنے کا واقعہ آیا تھا، جس میں راوی نے نماز نہیں دہرائی۔

ابن حجرؒ: ظاہراً یہ حکم اور وعید گزرنے کے لیے ہے، کھڑے، بیٹھے یا لیٹے رہنے کے لیے نہیں ہے۔ ہاں منع کی علت تشویش ہو تو سب برابر ہیں۔ [فتح الباری ١/ ٦٩٨]

❁ نری تشویش ہی علت ہوتی تو واقعی خاص ان تینوں پر "قطعِ نماز" کا حکم لاگو نہ ہوتا، لہٰذا کوئی اور شرعی حکمت بھی ہوگی۔ ﴿سبحانک لا علم لنا إلا ما علمتنا﴾

نوویؒ: مرد کے گزرنے سے ثواب میں کمی آتی ہے۔ [المجموع ٢١/ ١٥]

### مطلب ثانی: بیٹھنے کی حالت میں

نوویؒ: آدمی قبلہ رخ خاموش بیٹھا ہو تو بالاتفاق کوئی کراہت نہیں۔ [المجموع ٢١/ ١٥]

### مطلب ثالث: سامنا کرنے کی حالت میں

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی نماز کے سامنے بستر میں لیٹی ہوتیں، جب اٹھنا ہوتا تو یہ اہتمام کرتی تھیں: "...... **فتبدو لي الحاجة فأكره أن أجلس فأوذي رسول الله ﷺ فأنسل من عند رجليه**." "پس مجھے حاجت پیش آتی تو بیٹھ جانے سے کراہت کرتی تھی، مبادا آپ کو تکلیف پہنچے، پس میں آپ کے پیروں کی جانب سے کھسک جاتی تھی۔" [بخاری، الصلاۃ ح:٥١٤، مسلم الصلاۃ ح:٢٧٠ مع المنہاج ٤/ ٢٢٩] دوسری روایت میں ہے: "...... **فأكره أن أستقبله فأنسل انسلالا**" "میں آپ کا سامنا کرنے سے کراہت کرتی، پس میں چپکے سے کھسک جاتی تھی۔" [بخاری الصلاۃ باب ١٠٢ مع الفتح ١/ ٦٩٨] ...... **فأكره أن أسنحه فأنسل من عند رجلي السرير حتى أنسل من لحافي**" [بخاری الصلاۃ باب ١٠٥ ح:٥١٤، مسلم الصلاۃ ح:٢٧١

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''میں آپ کا سامنا کرنے کو ناپسند کرتی تھی، پس میں چارپائی کی پائنتی سے کھسک کر لحاف سے نکل جاتی تھی۔'' [٤/٢٢٩

یہ واقعات میاں بیوی سے متعلق ہیں، لیکن سامنا کرنے سے آنکھیں چار ہونے اور نماز میں خلل کا سبب بننے کے لحاظ سے عام لوگوں کے لیے بھی کراہت پر دلالت کرتی ہیں۔ اسی لیے امام بخاریؒ نے یوں باب باندھا ہے:

باب ١٠٢ ''استقبال الرجل صاحبه أو غيره في صلاته وهو يصلي''

پھر فرمایا: ''حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نماز کے دوران مرد کا سامنا کیے جانے کو مکروہ سمجھا ہے۔ یہ اس صورت میں ہے کہ انسان کی توجہ بٹ جائے، لیکن اگر توجہ بٹنے کا خطرہ نہ ہو تو (کوئی ہرج نہیں)۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا: ''**ما باليت إن الرجل لا يقطع صلاة الرجل**'' مجھے کوئی پروا نہیں، بیشک مرد دوسرے شخص کی نماز کو نہیں توڑتا۔'' [بخاری کتاب الصلاة، ترجمة الباب :١٠٢]

عسقلانیؒ: میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نہیں دیکھی، بلکہ مصنف عبدالرزاقؒ اور مصنف ابن ابی شیبہؒ میں ھلال بن یسافؒ کی روایت دیکھی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے ڈانٹتے تھے۔ جبکہ مذکورہ کتب میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اس معاملے میں عدمِ کراہت کا تذکرہ ملتا ہے۔ [فتح الباری ١/٦٩٩]

نوویؒ: نمازی کی طرف رخ کر کے دیکھنا شافعیہ اور جمہور کے نزدیک مکروہ ہے۔ [المنهاج ٤/٢٣٠]

❀ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ وغیرہ کے موقوف قول کے مقابلے میں حضرت عائشہ رضی الله عنها کی حدیث تقریری زیادہ قابل قبول ہے۔ لہٰذا اس مسئلے میں احتیاط کرنا چاہیے۔ **والله أعلم**

## مطلب رابع: باتیں کرنے کی حالت میں

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''**لا تصلوا خلف النائم ولا المتحدث**'' [أبوداود الصلاة باب ١٠٦ الصلاة الى المتحدثين والنيام ح:٦٩٤ و **حسنه الألباني**] ''سوئے ہوئے یا باتیں کرتے ہوئے شخص کے پیچھے نماز مت پڑھو۔''

الخطابیؒ: یہ حدیث ضعیف ہے اور صحیحین میں ثابت ہے کہ ام المؤمنین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سوئی ہوتی تھیں۔ ہاں بات کرنے والوں کو سترہ بنانے کو شافعیؒ اور احمدؒ نے مکروہ کہا ہے، کیونکہ باتوں سے نمازی کی توجہ بٹ سکتی ہے۔ [معالم السنن ١/٤٤٦]

❀ غالباً امام خطابیؒ نے حدیث عائشہ رضی الله عنها کی مخالفت کی بنا پر اسے ضعیف کہا ہے، جبکہ البانیؒ نے اسنادی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حیثیت کے لحاظ سے ''حسن'' قرار دیا ہے۔ پس سونے والے کے پیچھے نماز میں کوئی ہرج نہیں، لیکن باتیں کرنے والے کے پیچھے ہرج ہے، اُسے خاموش رہنا چاہیے۔ واللہ أعلم

## مبحث ثانی: خاتون

### مطلب اول: لیٹنے کی حالت میں (بیوی یا محرم)

**''عورت، کتا اور گدھا نماز توڑتے ہیں۔''** اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

''اس صورت میں بیچاری عورت ایک بدتر جانور بن گئی۔'' پھر درایت کے لحاظ سے متن پر بحث کرتے ہوئے کہتی ہیں:

''مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے جنازہ رکھنے کی طرح لیٹی ہوئی ہوتی اور آپ ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے۔'' [بخاری الصلاۃ باب ۱۰۵ ح:۵۱۳-۵۱۵، مسلم الصلاۃ ح:۲۶۹-۲۷۲]

حتیٰ کہ بعض روایات میں یہی واقعہ حالت حیض سے متعلق بھی وارد ہوا ہے: ''**کان رسول اللہ ﷺ یصلی وأنا حذاءہ وأنا حائض**'' [مسلم الصلاۃ ح:۲۷۳ عن **میمونۃ** رضی اللہ عنہا ۴/۲۳۰، ونحوہ عند أبی داؤد الصلاۃ باب ۱۱۲ ح:۷۱۰ عن **عائشۃ** رضی اللہ عنہا]

### مطلب ثانی: گزرنے کی حالت میں

زیر درس حدیث شریف کے مطابق عورت، گدھے اور کالے کتے کے گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ پس ان تینوں کا گزرنا شریعت کی نظر میں برابر حیثیت رکھتا ہے۔

ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کے مذکورہ بالا اعتراض کے کئی پہلو ہیں:

**(۱)** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو زیر درس حدیث کا پہلے سے علم نہ تھا۔ یہ بات سیاق سے عیاں ہے۔

**(۲)** آپ نے اس ایک شرعی حکم کے تحت داخل ہونے کو صنفِ نازک کی توہین سمجھا۔

اہل علم سے مخفی نہیں کہ اس حکم شرعی سے عورت ذات کی توہین ہرگز مراد نہیں۔ مثلاً اسلام میں کافرہ ومشرکہ عورت سے نکاح کو ''حرام'' قرار دیا گیا ہے اور مؤمن کے لیے اپنی ماں، بیٹی، بہن وغیرہ سے نکاح کو بھی ''حرام'' کہا گیا ہے۔ یقینی بات ہے کہ اول الذکر کی حرمت اس کے خباثتِ عقیدہ کی بنا پر اور ثانی الذکر کی حرمت رشتوں کے احترام کی بنا پر ہے۔ پس اس شرعی حکم میں قریبی رشتوں کی پاسداری اور عزت افزائی ہے، کسی قسم کی توہین کا پہلو نہیں ہے۔ واللہ أعلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۳) مرد کی توجہ حیوانات وغیرہ کی نسبت عورت کی طرف زیادہ مائل ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خود بھی یہی خطرہ بیان کر کے سامنے سے اٹھ جانے کے وقت اہتمام کا تذکرہ فرمایا۔ [کما سبق]

**تنبیہ**: اسی طرح نماز کی حفاظت کی خاطر عورت کے آگے سے مرد کے گزرنے کا مسئلہ بھی ہے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اسے مکروہ شمار کرتے تھے۔ [موطأ الصلاۃ ح:٣٦٣، ص:٧٨]

## مبحث ثالث: بچہ، بچی

### مطلب اول: گزرنے کی حالت میں

ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا: نبی کریم ﷺ میرے کمرے میں نماز پڑھ رہے تھے، آگے سے عبداللہ رضی اللہ عنہ یا عمر رضی اللہ عنہ (ابن أبی سلمة رضی اللہ عنہ) گزرنے لگا تو آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے یوں اشارہ کیا تو وہ لوٹ گیا۔ پھر ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی (زینب رضی اللہ عنہا) گزرنے لگی تو آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اشارہ فرمایا، پھر بھی وہ آگے سے گزر گئی۔ جب رسول اللہ ﷺ نے نماز پوری کی تو فرمایا: "هن أغلب" "یہ (بچیاں) زیادہ منہ زور ہیں۔"

[مسند أحمد ٦/٢٩٤، ابن ماجه كتاب الإقامة باب ٣٨ وضعفه الألباني]

الشوکانی رحمہ اللہ: اس کی سند میں قیس المدنی مجہول راوی ہے۔ اس حدیث سے استدلال کیا گیا ہے کہ بچی کے گزرنے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔ حالانکہ اس حدیث سے یہ استدلال مکمل نہیں ہوتا جب تک آپ ﷺ کے آگے سترہ نہ ہونا اور آپ ﷺ کا اس نماز کو پورا کرنا ثابت نہ ہو۔ [نیل الأوطار ٣/١٤]

❁ کمرے میں سترہ عام سنت نبویہ کی رو سے ماننا پڑے گا، خصوصاً جب اس میں بچے بھی تھے۔ جبکہ نماز کا جاری رکھنا تو لفظ حدیث سے ظاہر ہے۔ ہاں حدیث کے **ضعف** کی بنیاد پر اعتراض کیا جاتا تو گنجائش تھی۔ **واللہ أعلم**

**ابو الصہباء** رحمہ اللہ: ہم نے نماز توڑنے کی چیزوں (زیر درس حدیث) کا ذکر کیا تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "میں اور ایک لڑکا گدھے پر آئے جبکہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھا رہے تھے، ہم اترے اور گدھے کو صف کے آگے چھوڑا، آپ ﷺ نے اس کا پروا نہیں کیا۔ اور بنی عبدالمطلب کی دو بچیاں تو صفوں کے بیچ میں گھس گئیں، اس پر بھی ہرج محسوس نہ کیا۔

[أبو داؤد ح:٧١٦ وصححه الألباني] اس روایت میں مقتدیوں کے آگے سے گزرنے کی وضاحت ہے، پس امام کا سترہ کافی ہونے کی صورت میں نماز میں کوئی خلل نہیں آتا۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے دونوں لڑنے والی بچیوں کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پکڑ کر ایک دوسرے سے چھڑا دیا، اس کا بھی پروانہ کیا۔[ابو داؤد صلاۃ باب ۱۱۳ ح:۷۱۷، نسائی قبلۃ ۲/۶۵ وصححہ الألبانی]

## مطلب ثانی: اٹھانے کی حالت میں

ابوقتادہؓ: "رسول اللہ ﷺ اپنی نواسی امامۃ بنت زینب رضی اللہ عنہما (بنت ابی العاص ؓ) کو اٹھا کر نماز پڑھتے تھے، جب اٹھتے تو اسے بھی اٹھا لیتے اور جب (رکوع یا) سجدہ کرتے تو اسے رکھ دیتے۔"[بخاری الصلاۃ باب ۱۰۶ ح: ۵۱۶، مسلم المساجد ح:۴۱] یہ واقعہ امامت کے دوران پیش آیا تھا۔[بخاری المساجد، مسلم ح:۴۲] پس کندھے یا پیٹھ وغیرہ پر اٹھائے گئے بچے سے نماز میں کوئی خلل نہیں آتا، لیکن اسے نماز کے آگے آنے کا موقع نہیں دینا چاہیے۔ ہاں کسی مجبوری سے ایسی نوبت آئے تو پیشگی پاکیزگی کی تسلی کر لینا چاہیے۔[التراث ۲۴/۱۹]

# فصل ثانی: نمازی کے آگے "شیطان" کا وجود

## مبحث اول: انسانی شیطان

گزشتہ درس میں آیا کہ نبی کریم ﷺ نے نمازی کے آگے گزرنے والے آدمی کو **"شیطان"** قرار دیا۔ نیز ہر ممکن طریقے سے اسے روکنے کی تلقین فرمائی۔ ہاں لفظ **"شیطان"** کے اطلاق سے ناسمجھ بچوں کو مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے، لیکن ان کو بھی نمازی کے آگے آنے نہیں دینا چاہیے۔ واللہ أعلم

امت مسلمہ کو آپ ﷺ نے نمازی کے آگے سے گزر کر **"شیطان"** بننے سے، نیز نمازی کو اسے گزرنے کا موقع دینے سے منع فرمایا۔[التراث ۲۶/۱۲] اسی طرح صفوں میں خالی جگہ چھوڑنے سے بھی منع فرمایا تاکہ **شیطان** درمیان سے گزر کر نماز میں خلل اندازی نہ کر سکے۔[التراث ۲/۱۲۱، ۱۰/۱۴]

## مبحث ثانی: شیطان جنی

ابوہریرہ: رسول اللہ ﷺ نے ایک دفعہ ارشاد فرمایا: **"إن عفريتاً من الجن تفلت عليّ البارحة ليقطع عليّ الصلاة فأمكنني الله منه فأردت أن أربطه إلى سارية من سواري المسجد حتىٰ تصبحوا وتنظروا إليه كلكم، فذكرت قول أخي سليمان ؑ ﴿رب اغفرلي وهب لي ملكا لا ينبغي لأحد من بعدي﴾**[ص:۳۵، بخاری الصلاۃ باب ۷۵ ح:۴۶۱، مسلم المساجد ح:۳۹] **"بیشک ایک پہلوان جن گزشتہ** رات میری طرف چھوٹ آیا تاکہ میری نماز کو توڑ دے، تب اللہ پاک نے مجھے اس پر غلبہ عطا فرمایا (اسے گزرنے نہیں دیا)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں نے چاہا تھا کہ اسے مسجد کے ایک ستون سے باندھ لوں تا کہ صبح تم سب اسے دیکھو، پھر مجھے اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی یہ دعا یاد آئی: ''اے میرے پروردگار مجھے بخش دے اور مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لیے بھی میسر نہ ہو۔'' ﴿إنه يراكم هو وقبيله من حيث لا ترونهم﴾ [الأعراف: ۲۷] ناری مخلوق شیطان خاکی نگاہوں سے اوجھل ہے۔ ﴿عفريت من الجن﴾ اتنا قوی ہوتا ہے کہ ایک نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو مجلس برخاست ہونے سے قبل ملکہ سبا کا تخت یمن سے فلسطین لانے کی پیشکش کی تھی۔ [النمل: ۳۹] پس شیطان کو دیکھنا اور اس پر قابو پانا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک عظیم معجزہ ہے۔ حدیث مذکورہ سے معلوم ہوا کہ ''شیطان'' نماز کو خراب کر دیتا ہے۔

## فصل ثالث: نمازی کے آگے ''حیوان'' کا وجود

### مبحث اول: گدھا گزرنے کی حالت میں

زیر درس حدیث میں گدھے کے گزرنے سے نماز ٹوٹ جانے کی صراحت ہے۔

یزید بن نمران رحمہ اللہ: میں نے تبوک میں ایک اپاہج کو دیکھا، اس نے بتایا کہ میں گدھے پر سوار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے آگے سے گزرا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بددعا فرمائی: ''اللهم اقطع أثره'' ''اے اللہ! اس کے قدم روک دے۔'' اس کے بعد میں اپنے پاؤں پر نہ چل سکا۔ [أبو داود الصلاة باب ۱۱۰ ح: ۷۰۵ وضعفه الألباني] دوسری روایت میں ہے: ''قطع صلاتنا'' ''اس نے ہماری نماز توڑ دی۔'' [أبو داود ح: ۷۰٦ وضعفه الألباني]

البتہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ گدھی پر سوار ہو کر آیا اور باجماعت نماز میں صف کے ایک حصے کے آگے سے گزرا تو اس پر کسی نے اعتراض نہیں کیا۔ [مسلم الصلاة ح: ۲۵٤، موطا الصلاة باب الرخصة في المرور بين يدي المصلي ح: ۳٦٥ ص: ۷۸] یہ حدیث امام کا سترہ مقتدی کے لیے کافی ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ **والله أعلم**

### مبحث ثانی: کتا گزرنے کی حالت میں

زیر درس حدیث کالا کتے سے متعلق ہے، جبکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا روایت میں عام کتے کا ذکر ہے۔ [مسلم] اصولی لحاظ سے مطلق کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے۔ لہٰذا ''کالا کتا'' ہی مراد لیا جائے گا۔ **والله أعلم**

الفضل بن عباس رضی اللہ عنہ: ''حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے باپ عباس رضی اللہ عنہ کے ہمراہ دیہات میں تشریف لائے اور: ''فصلى في صحراء ليس بين يديه سترة ، وحمارة لنا وكلبة تعبثان بين يديه فما بالىٰ ذلك.'' ''آپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے کھلی فضا میں نماز پڑھی، آپ ﷺ کے آگے کوئی سترہ نہیں تھا اور ہماری گدھی اور کتیا آپ کے سامنے کھیل رہی تھیں، آپ ﷺ نے کوئی پروانہ کیا۔[أبو داود الصلاة باب ۱۱۴ من قال الکلب لا یقطع الصلاة ۱/۴۵۹، النسائی ح:۷۵۴ نحوہ وضعفہ الألبانیؒ] بفرضِ صحت اس واقعے کو ان جانوروں کے دور ہونے پر محمول کرنا چاہیے۔

## مبحث ثالث: بکری وغیرہ گزرنے کی حالت میں

"**کان النبی ﷺ یصلی إذ جاء ت شاة تسعیٰ بین یدیه فساعاها حتیٰ ألزق بطنه بالحائط ومرت من ورائه**" نبی کریم ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، اتنے میں ایک بکری دوڑتی ہوئی آئی تو آپ ﷺ اس بکری کے پہنچنے سے پہلے دیوار کی طرف بڑھے، حتی کہ آپ نے اپنے مبارک پیٹ کو دیوار سے لگا دیا پھر وہ آپ ﷺ کے پیچھے سے گزر گئی۔[ابن خزیمة، طبرانی، حاکم **صححه** ووافقه الذهبیؒ والألبانیؒ صفة صلاة النبی ﷺ ص ۸۴]

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اترے...... آپ ﷺ نے ایک دیوار کو سترہ بنا کر نماز پڑھی، اتنے میں ایک میمنا آپ ﷺ کے آگے سے گزرنے آئی تو آپ ﷺ اسے روکنے کی کوشش کرتے رہے حتیٰ کہ آپ ﷺ کا پیٹ دیوار سے چمٹ گیا اور وہ آپ کے پیچھے سے گزری۔[أبو داود الصلاة باب ۱۱۱ سترة الإمام سترة لمن خلفه ح:۷۰۸ قال الألبانیؒ: **حسن صحیح**، وعن ابن عباس رضی اللہ عنہ نحوہ مختصراً ح:۷۰۹ و**صححه الألبانیؒ**]

## فصل رابع: عورت، گدھے اور کالے کتے کے گزرنے کا حکم

**اس مسئلے میں کئی اقوال ہیں:**

**قول اول:** عورت اور کالے کتے کے گزرنے سے نماز ٹوٹتی ہے۔

انہوں نے زیر درس حدیث سے استدلال کیا اور حدیث عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی رو سے گدھے کو مستثنیٰ قرار دیا۔

امام ابوداؤدؒ نے اس نظریے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حدیث مذکورہ پر باب باندھا ہے: "**باب من قال: الحمار لا یقطع الصلاة**" آخر میں (راجح مسئلے کی نشاندہی کرتے ہوئے) امام مالکؒ کا قول لایا ہے: "جب باجماعت نماز قائم ہو تو مسئلے میں گنجائش ہے۔" (أبو داؤد ۱/۴۵۸، موطأ ص ۷۸)

ابن عبدالبرؒ: گزرنے والے کو روکنے کا حکم امام اور منفرد کے لیے خاص ہے۔ مقتدی کے آگے سے گزرنے میں حرج نہیں۔ اور اس میں علماء کے ہاں کوئی اختلاف نہیں۔ البانیؒ نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔[صفة صلاة النبی ﷺ]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قاضی عیاضؒ نے اس کے برعکس اتفاقِ علماء ذکر کیا ہے کہ مقتدی بھی سترہ کا التزام کریں۔[فتح الباری ۱/۲۸۲]

ابن حجرؒ: عموم نہی ظاہراً ہر نمازی کے لیے ہے۔اور سترہ نمازی سے ہرج دور کرنے کے لیے ہے،گزرنے والے سے رفع ہرج کے لیے نہیں۔لہٰذا سب (امام،منفرد،مقتدی) برابر ہیں۔[فتح الباری ۱/۶۹۸]

❁ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ کی رُو سے امام کا سترہ مقتدی کے لیے کافی ہے،لیکن تشویش کے خدشے کے پیش نظر احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ اس رعایت سے استفادے کو امکانی حد تک محدود رکھا جائے،مثلاً دورانِ نماز دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت پیش آئے یا اگلی صف میں جگہ خالی ہو۔ واللہ أعلم

**قول ثانی** : احمد بن حنبلؒ: کالے کتے کے گزرنے سے نماز بالکل ٹوٹ جاتی ہے،لیکن دل میں گدھے اور عورت سے متعلق کچھ (تحفظات) ہیں۔گدھے سے متعلق حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ اور عورت سے متعلق حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کی بنا پر۔یعنی اگر عورت کے گزرنے سے نماز ٹوٹتی تو سامنے لیٹے ہونے سے بھی ٹوٹ سکتی تھی۔[سبل السلام ۱/۲۲۱]

**قول ثالث**: کسی بھی چیز کے گزرنے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

یہ جمہور علماء کا قول ہے اور ان کے ہاں زیر درس حدیث کی مختلف توجیہات ہیں:

(۱) نماز ٹوٹنے سے مراد "ثواب میں کمی" ہے،بطلان نماز نہیں۔کیونکہ ان چیزوں سے دل کی توجہ بٹ جاتی ہے۔

(۲) نماز توڑنے والی (زیر درس) حدیث "منسوخ" ہے اور ناسخ یہ حدیث ہے:"**لا یقطع الصلاۃ شيء، وادرء وا ما استطعتم فانما ھو شیطان**" [ابو داؤد الصلاۃ باب ۱۱۵ ح ۷۱۹ عن ابی سعید رضی اللہ عنہ ۱/۴۶۰ وضعفه الالبانیؒ] "نماز کو کوئی چیز نہیں توڑتی،ہاں جتنا ہو سکے گزرنے والے کو روک دو کیونکہ وہ شیطان ہے۔"

اس حدیث کو امام بخاریؒ نے عنوانِ باب میں ذکر کیا ہے:" **من قال لا یقطع الصلاۃ شيء**" [بخاری ،الصلاۃ باب ۱۰۵ ،۱/۷۰۰] امام مالکؒ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث موقوفاً روایت کی ہے۔[مؤطا الصلاۃ ح ۳۶۷،۳۶۸ ،ص ۷۸-۷۹]

ابن حجرؒ: اسے دارقطنیؒ نے سالمؒ سے اور ابوداؤدؒ نے ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔دارقطنیؒ نے انس رضی اللہ عنہ اور ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے اور طبرانیؒ نے معجم اوسط میں جابر رضی اللہ عنہ سے ضعیف اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے،سعید بن منصورؒ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے بسند صحیح موقوف روایت کیا ہے۔[فتح الباری الصلاۃ باب ۱۰۵، ۱/۷۰۱]

ابن عساکرؒ عن انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً:"**لیستتر أحدکم فی الصلاۃ بالخط بین یدیه وبالحجر وبما**

© rasailojaraid.com